© rasailojaraid.com



17-11-07 تقسیم ریلیف فنڈ زبابت زلزلہ زدگان لچھت کندس ضلع گانچھے میں جامعہ کی طرف سے کمبل، آٹا، گھی، دودھ اور کپڑے بطور امداد تقسیم کیے گئے۔

17-11-07 جامعہ قسم البنین وقسم البنات میں سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

1-12-07 جامعہ قسم البنات میں سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان ہوا اور متخرجات میں صحیح بخاری اور الرحیق المختوم تقسیم کیے گئے۔

كلية الدراسات الاسلامية بھرمیں شائستہ سعادت أولى متوسطة، راضیہ خلیل أولى عالية، بانو یحی سلیم أولى متوسطة نے بالترتیب اول دوم وسوم پوزیشن حاصل کیں۔

2-12-07 مجلس ادارت ومشاورت (مجلة التراث) کا مشترکہ اجلاس زیرصدارت مدیر مسئول منعقد ہوا۔ جس میں مجلّہ ہذا کی بہتر کارکردگی کے لیے بحث ومباحثہ ہوا۔ اور جامعہ دار العلوم کے مدرس مولانا محمد علی زاہد کو مجلس ادارت میں شامل کیا گیا۔

8-12-07 جامعہ کلیۃ الحدیث الشریف کے سالانہ امتحانات کے نتائج کے موقع پر ایک پروقار جلسہ کا اہتمام کیا گیا۔ کلیہ بھر میں حبیب اللہ محمد شریف، حافظ عمران یوسف اور حافظ عبداللہ شرف الدین نے بالترتیب اول دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی۔

16-12-07 الأثر پبلک سکول غواڑی کے زیراہتمام اعلان نتائج کے سلسلے میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت جناب الشیخ محمد حسین آزاد نے کی جبکہ الشیخ محمود اسماعیل نائب مدیر التعلیم مہمان خصوصی تھے۔ الأثر پبلک سکولز بورڈ کے تحت مڈل سیکشن کے سالانہ امتحانات میں پبلک سکول غواڑی، کریس، یوگو نے بالترتیب اول دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی۔

31-12-07 مولانا عبدالحق ولد سلطان محمد غواڑوی مختصر علالت کے بعد کویت میں جان بحق ہوگئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ موصوف 25 سال سے کویت میں مقیم تھے۔ آپ خوش اخلاق، متواضع اور غرباء ومساکین کا بڑا غمخوار تھا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی آپ کی خدمات جلیلہ کو قبول فرمائے، اعلی علیین میں جگہ دے آپ کے پسماندگان میں رفیقہ حیات کے علاوہ پانچ یتیم بچے اور بچیاں چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالی انہیں صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

© rasailojaraid.com